SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
October 9, 2019

ایس ای سی پی کے اینٹی منی لانڈرنگ اور ٹیرارزم فنانسنگ ریگولیٹری فریم ورک سے مشکوک مالی لین دین کی رپوٹنگ میں اضافہ

اسلام آباد(اکتوبر 9)سیکورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے جامع ریگولیٹری فریم ورک کے نفاذ کے بعد مالیاتی شعبے کی جانب سے مشکوک لین دین کی رپورٹنگ (ایس ٹی آر) کے اندراج میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

اے ایم ایل/سی ایف ٹی کے نفاذ کے بعد سے، چھ ماہ کے دوران ایس ای سی پی کے زیر انتظام مالی شعبے کی جانب سے مشکوک ٹرانزیکشن کی 219 رپوٹوں کا اندراج کروایا گیا جبکہ گزشتہ آٹھ سالوں میں صرف 13 مشکوک ٹرانزیکشن رپورٹ کی گئیں تھیں۔ مشکوک لین دین کے اندارج پر رپوٹوں کی جانچ کے لئے ایس ای سی پی نے کل 167 انسپکشن کیں۔ ان انسپکشن میں 72 سیکورٹیز بروکروں، 27 نان بینکنگ کمپنیز، 13 انشورنس کمپنیوں اور 55 ہائی نیٹ افراد کے حوالے سے انکوائری کی گئی۔ ایس ای سی پی کے زیر انتظام مالیاتی کمپنیوں کو رپوٹنگ کے لئے گو میل اے ایم ایل (GoAML) سسٹم تک رسائی حاصل ہے جہاں سے وہ فوری رپوٹنگ کر سکتے ہیں۔

ایئشیا پیسیفک گروپ کی سفارشات کے عین مطابق ایس ای سی پی نے اپنے زیر انتظام تمام ریگولیٹڈ سیکٹر جیسے کہ سیکورٹیز مارکیٹ، انشورنس، تکافل، مضاربہ، نان بینکنگ کمپنیوں اور دیگر مالیاتی شعبے میں اینٹی منی لانڈرنگ اور اینٹی ٹیرارز فنانسنگ کی روک تھام کے لئے رسک کی بنیاد پر ایک جامع ریگولیٹری فریم ورک نافذ کیا ہے۔

منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کی حکومتی پالیسیوں کے عین مطابق ایف اے ٹی ایف کی سفارشات پر عملدر آمد کو یقینی بنانے کے لئے ایس ای سی پی نے سٹیٹ بینک آف پاکستان اور فنانشل مانیٹرنگ یونٹ کے ساتھ مل کر کئی ایک اقدامات اٹھائے۔ ایس ای سی پی نے اس سلسلے میں جامع ریگولیشنز نافذ کئے جبکہ گائیڈ لائنز جاری کی گئیں جن میں اے ایم ایل قوانین پر عمل در آمد کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔

حال ہی میں منی لانڈرنگ پر ایشین پیسفک گروپ (اے جی پی) نے آسٹریلیا کے شہر کینبرا میں منعقد سالانہ اجلاس میں پاکستان کی منی لانڈرنگ پر میوچل ایولیوائیشن رپورٹ (ایم ای آر) کا جائزہ لیا۔ اس رپورٹ کو اب اے پی جی کی ویب سائٹ پر بھی فراہم کر دیا ہے۔ یہاں یہ ضروری ہے کہ پاکستان کی منی لانڈرنگ پر میوچل ایولیوائیشن رپورٹ (ایم ای آر) پاکستان کی جانب سے اکتوبر 2018 تک لئے گئے اقدامات کی بنیاد پر ترتیب دی گئی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005